Transport for NSW

# روڈ سیفٹی



## اسکول آنےجانے کے دوران اپنے بچے کو محفوظ رکھنا

اسکول کے دن کے آغاز اور اختتام پر اپنے بچے اور دوسروں کو محفوظ رکھنے کے لیے یہاں چند تجاویز ہیں:

- اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کو چائلڈ کار سیٹ میں، جو ان کی عمر اور سائز کے مطابق ہو، باندھ کر بٹھایا گیا ہے ۔ اور یہ بھی کہ گاڑی میں سیٹ کو درست طریقے سے نصب کیا گیا ہو۔
- اسکول کے علاقوں میں رفتار کی حد 40 کلومیٹر فی گھنٹہ سے نیچے رکھیں اور ان بچوں پر دھیان رکھیں جو شاید وہاں موجود ہوں۔
- بسوں کی جلتی بجھتی ہوئی لائٹوں پر نظر رکھیں۔ وہ آپ کو بتاتی ہیں کہ بس ایسے بچوں کو اٹھا رہی ہے یا اتار رہی ہے جو ہو سکتا ہے سڑک پار کر رہے ہوں یا پار کرنے والے ہوں۔ بس کی لائٹیں چمکنے پر آپ کوحد رفتار 40 کلومیٹر فی گھنٹہ تک کرلینی چاہیے، اگر اس سے کم حد رفتار کا اطلاق نہ ہوتا ہو۔
- پیدل چلنے والوں کو ہمیشہ راستہ دیں خاص طور پر ڈرائیو ویز میں داخل ہوتے اور نکلتے وقت۔
- رفتارآہستہ کریں اور اسکول کے آس پاس کسی بھی کراسنگ کے قریب رکنے کی تیاری کریں۔ کسی زیر نگرانی کراسنگ پر، اسکول کراسنگ سپروائزر کی ہدایات پر عمل کریں۔
- اسکولوں کے آس پاس ہمیشہ قانونی طور پرپارک کریں اور موڑ کاٹیں۔ اسکول کے پک اپ اور ڈراپ آف کے مصروف اوقات کے دوران U- ٹرن اور تھری پوائنٹ ٹرن خطرناک ہوتے ہیں۔
- اپنے بچے کو اسکول کے سڑک کی جانب والے کنارے پر اتاریں۔ اوروہاں سےسڑک کے اس پار سے انہیں پکارکربلانا خطرناک ہے – وہ ٹریفک کی جانچ کیے بغیر آپ کی طرف بھاگ سکتے ہیں۔
- ہمیشہ اپنے بچے کو 'سیفٹی ڈور' کے ذریعے گاڑی کے اندر اور باہر جانے میں مدد کریں۔ 'سیفٹی ڈور' گاڑی کا پچھلا فٹ پاتھ کی جانب والا دروازہ ہے۔ یہ گزرنے والی ٹریفک سے دورہوتا ہے اور آپ کے بچے کے لیے سب سے زیادہ محفوظ ہے۔

سڑک کے ماحول سے متعلق بچوں کو محفوظ رکھنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے **safetytown.com.au** پر فیملیز سیکشن دیکھیں

اسٹاک کوڈ 45095370 جون 2024 © ٹرانسپورٹ برائے NSW

TOWARDS ZERO

NSW کی سڑکوں پر بہت زیادہ جانیں ضائع ہوتی ہیں۔
**ہمارا مقصد انہیں صفر بنانا ہے۔**

NSW GOVERNMENT